ڈائریکٹر میڈیا سندھ پولیس آفس
فون 99212639

سینٹرل پولیس آفس میں آئی جی سندھ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

کراچی ۱۰ جولائی 2013ء --- انسپکٹر جنرل پولیس سندھ شاہد ندیم بلوچ کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس میں ہونیوالے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں امن وامان کی صورتحال اور ماہ رمضان کنٹی جینسی پلان کا جائزہ لیا گیا اور ضروری احکامات دیئے گئے۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام قادر تھیبو، زونل ڈی آئی جیز ڈی آئی جی سی آئی ڈی، سمیت سکھر حیدرآباد میرپورخاص اور لاڑکانہ کے ڈی آئی جیز و پولیس کے دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ صوبے اور شہروں کے مرکزی داخلی وخارجی راستوں بارڈر ایریاز اور سندھ میں دیگر صوبوں سے داخل ہونیوالی مرکزی شاہراہوں سمیت پیدل اور میدانی راستوں پر کڑی نگرانی، ریکی اور چیکنگ کے عمل کو مؤثر اور مربوط بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس سراغ رسانی نظام کی بدولت جرائم پیشہ عناصر انکے گروہوں اور شر پسندوں کے خلاف تھانہ جات کی سطح پر انٹیلی جینس بیسڈ (BASED) ٹارگیٹڈ کاروائیوں کو یقینی بنایا جائے تاکہ رمضان المبارک میں امن وامان کے حالات پر پولیس کنٹرول انتہائی مؤثر بنایا جاسکے۔

اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی نے بتایا کہ فورتھ شیڈول لسٹ پر قانون کے مطابق عملدرآمد کے ضمن میں تمام تھانہ جات کو پابند کردیا گیا ہے جبکہ رمضان المبارک سیکورٹی پلان کے تحت کسی بھی مقام پر کھڑی کی گئی مشکوک یا لاوارث گاڑیوں کے علاوہ مشکوک اشیاء وغیرہ کی بم ڈسپوزل اسکواڈ سے چیکنگ اور کلیئرنس کے عمل کے لیئے بھی ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں علاوہ ازیں مشکوک اشیاء یا مشکوک سرگرمیوں کے حوالے سے پولیس رپورٹنگ سینٹرز، ڈیوٹی پر قریب ہی موجود پولیس افسر، قریبی تھانہ یا مددگار 15 کال سینٹر پر فوری اطلاع کے ضمن میں شہریوں کو بھی آگاہی دی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ رمضان المبارک کے دوران زونل ڈی آئی جیز کو متعلقہ علاقوں میں اسنیپ چیکنگ، اور نگرانی کے حوالے سے باقاعدہ ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

غلام قادر تھیبو نے مزید بتایا کہ رمضان المبارک کے دوران ایسٹ ویسٹ اور ساؤتھ پولیس زونز میں نماز وتراویح کی 4051 مساجد و کھلے مقامات پر پولیس ڈپلائمنٹ کی تعداد 7776 جبکہ 274 شاپنگ سینٹرز پر 1977 پولیس افسران وجوانوں کو تعینات کیا گیا ہے۔

انہوں نے بتایا کہ رمضان المبارک کنٹی جینسی پلان کے تحت مساجد و کھلے مقامات اور شاپنگ سینٹرز سمیت 4324 مجموعی مقامات پر 9753 پولیس افسران وجوانوں کی سیکورٹی ذمہ داریاں تفویض کی گئی ہیں